V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۵۵	مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۷ ربیع الاول سنہ ۱۳۶۱ھ مطابق ۴ راپریل سنہ ۱۹۴۲ء	نمبر ۱۴

حصہ دوم

احکام اجلاس عالیہ تمیت منسٹرز و سکریٹریز صاحبان بہادر

۱	حکم اجلاس عالیہ جناب صاحب چیف منسٹر بہادر	۲	۴	حکم اجلاس صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر بہادر	۵
۲	حکم اجلاس عالیہ جناب صاحب کنسٹرولر بہادر سول ڈیفنس	۳	۵	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۵
۳	فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۳ و ۴	۶	نقشہ اخبار و نقشہ موسمی حالات و رپورٹ وبائی امراض	۵ و ۶

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

منظوری اشاعت

مسودہ ترمیم قانون نیشکر ریاست رامپور ۱۹۴۲ء

بغرض حصول رائے عامہ درج گزٹ کئے جانیکے لئے اسٹیٹ پریس کو مرسل ہو۔ اصل مسل بعد کاروائی اشاعت گزٹ بخدمت عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی ارسال کیا جائے

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

نوٹ: مسودہ مذکورہ بالا حصہ سوئم میں شامل ہے۔

منظوری اشاعت

ایک قطعہ اعلان نمبر ۱ لغایت ۲ کی گزٹ ریاست میں شایع کئے جانیکی منجانب گورنمنٹ رامپور منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

مشترکہ مسودے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل مطبع کو بھیجی جائے اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دارالانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔ یکم اپریل ۱۹۴۲ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

ریزرو بنک آف انڈیا نے تحت قاعدہ ۴۱ و تحتی قاعدہ (۴) ۹ (ب) قواعد تحفظ ہند ایسی کفالتوں کے مالکان کو جو بذریعہ نوٹیفکیشن نمبری ڈی ۳ ۴۷/۴۲- بی ۴۱- مورخہ ۱۳ دسمبر ۱۹۴۱ء مرکزی گورنمنٹ کو منتقل ہو چکی ہیں حسب ذیل ہدایات جاری کی ہیں۔ نوٹیفکیشن مذکورہ آئندہ حکم حوالگی Vesting order کے نام سے موسوم ہوگا۔ لفظ "مالک" سے بہ تعلق کفالت جسکی تعریف قاعدہ ۹۴ تحتی قاعدہ (۱۰) (۲) قواعد تحفظ ہند میں کی گئی ہے ایسا شخص مراد ہے جسکو کفالت مذکور کے فروخت یا منتقل کرنیکا اختیار ہو یا جسکے قبضہ میں کفالت مذکور ہو یا وہ شخص جو اپنے ذاتی طور پر یا کسی دیگر شخص کی جانب سے اسکی بابت منافع یا سود حاصل کرتا ہو یا اسمیں کسی قسم کا مفاد رکھتا ہو۔ کفالتوں کے مالکان کو جن پر حکم حوالگی مذکورہ اثر انداز ہو لازم ہے کہ حسب ذیل طریقہ پر کفالتوں کو فی الفور حوالہ کریں یا حوالہ کرنیکا انتظام کریں۔

کفالتیں جو برطانوی ہند میں ہوں

(۱) اسٹاک سارٹیفکیٹ بنام حامل (اسکات یافتی حامل)۔ اگر کفالتیں برطانوی ہند میں ہوں تو ایسی حالت میں سارٹیفکیٹ اور جملہ متعلقہ کوپن ریزرو بنک آف انڈیا کے دفتر قرضہ کو بمقام بمبئی یا دہلی بذریعہ ڈاک رجسٹری یا خود یا کسی بنک یا بروکر Broker کے ذریعہ حوالہ کئے جائیں۔ کوپن جو حکم حوالگی کی تاریخ سے قبل واجب الادا ہو چکے ہوں علیحدہ کر دئے جائیں۔

(۲) درج شدہ اسٹاک:-

دستاویز انتقال جو بنام شخص نامعلوم اس شخص نے تحریر کی ہو جسکے نام اسٹاک درج ہے تو ریزرو بنک آف انڈیا کے دفتر قرضہ میں بمقام بمبئی یا کلکتہ جمع کیجائے۔

(۳) رجسٹری شدہ اسٹاک:-

رجسٹری شدہ سارٹیفکیٹ مع دستاویز انتقال جو بنام شخص نامعلوم رجسٹری شدہ قابض اسٹاک نے باضابطہ تحریر کی ہو ریزرو بنک آف انڈیا کے دفتر قرضہ میں بمقام کلکتہ یا بمبئی جمع کی جائے۔

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب کنٹرولر بہادر سول ڈیفنس

آرڈر دربارہ وائرلیس ٹرانسمیٹرس بقبضہ تاجران ریاست رامپور ۱۹۴۲ء

Wireless Transmitters (Possesion by Dealers) Order Rampur state 1942

باستعمال اختیارات محولہ قاعدہ ۱۹ ملحق قاعدہ (۲) قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور کنٹرولر سول ڈیفنس تحت اختیارات دفعہ ۲ ضمن (۵) قانون تحفظ ہند ریاست رامپور جو گورنمنٹ رامپور نے انکو تفویض کئے ہیں حسب ذیل آرڈر نافذ کرتے ہیں۔

۱۔ الف۔ آرڈر ہذا "آرڈر دربارہ وائرلیس ٹرانسمیٹرس بقبضہ تاجران ریاست رامپور ۱۹۴۲ء" کے نام سے موسوم ہوگا۔

ب۔ آرڈر ہذا کل حدود ریاست میں تاریخ اشاعت گزٹ سرکاری سے نفاذ پذیر ہوگا۔

۲۔ آرڈر ہذا میں "مکمل وائرلیس ٹرانسمیٹنگ سٹ" (Complete Wireless Transmitting set) سے مراد ایسا آلہ ہے جو بطور خود یا قوت برقی۔ ایریل۔ والو اور دیگر ترکیبوں کے ذریعہ بغیر تار خبریں پہونچانے کے کام میں استعمال ہو سکے اور اوس میں وہ آلہ بھی شامل ہے جو پرزوں اور وائرنگ (Wiring) میں خرابی کی بناء پر عارضی طور پر اس کام میں استعمال ہو سکے۔

۳۔ تاریخ ۱۵ اپریل ۱۹۴۲ء یا مابعد کوئی تاجر جو وائرلیس ٹیلیگرافی اپریٹس (Wireless Telegraphy apparatus) کا کاروبار کرتا ہو بدون حصول اجازت نامہ جو کنٹرولر سول ڈیفنس اس بارہ میں عطا کرینگے۔ کوئی مکمل وائرلیس ٹرانسمیٹنگ سٹ اپنے قبضہ یا اہتمام میں نہ رکھیگا۔

۴۔ اجازت نامہ حاصل کرنے کی بابت جملہ درخواستیں سکریٹری سول ڈیفنس ریاست رامپور کو پیش کیجائینگی

۵۔ مکمل وائرلیس ٹرانسمیٹنگ سٹ جو آرڈر ہذا کے نفاذ پر تاجران کے قبضہ میں ہوں۔ ۱۵ اپریل ۱۹۴۲ء سے قبل سپرنٹنڈنٹ پولیس ریاست رامپور کے حوالہ کئے جائیں جو انکو بحفاظت رکھنے کا انتظام کرینگے۔

۶۔ آرڈر ہذا ایسے اپریٹس سے متعلق نہ ہوگا جو ایسے مقصد کے کام میں لایا جائے جس کی صراحت دفعہ ۳ انڈین ٹیلیگراف ایکٹ کے تحت جاری شدہ لائسنس میں درج ہو اور وائرلیس ٹیلیگراف قائم کرنے برقرار رکھنے اور کام میں لانے کے لئے ضروری ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب کنٹرولر بہادر سول ڈیفنس

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور۔

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ من ابتدائے ۱۰ مارچ لغایت ۱۰ اپریل ۱۹۲۲ء بغرض طباعت اسٹیٹ گزٹ بخدمت [illegible]

سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ پریس مرسلہ۔ — ۱۰ اپریل ۱۹۲۲ء — دستخط عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	کیفیت مقدمہ	نتیجہ
[illegible]		تعطیل جمعہ			
[illegible]	شنبہ	عالیمرتبت چیف جسٹس صاحب بہادر / مسٹر جسٹس معین الدین حسن صاحب [illegible]	[illegible] بنام [illegible]	اپیل دوم دیوانی	بحث فریقین سماعت ہوئی مثل زیر تجویز رہے۔
″	″	″	سرکار بنام [illegible] سنگھ	نگرانی فوجداری جرم [illegible] دفعہ ۴۷۵ [illegible]	بحث سماعت ہوئی مثل ہذا زیر تجویز رہے۔
″	″	مسٹر جسٹس [illegible] شرف الزمان خان صاحب بہادر	[illegible] بنام [illegible]	اپیل فوجداری جرم [illegible]	اپیل [illegible] منظور ہو کر ملزم [illegible] کا [illegible] سزا [illegible] بصورت عدم ادائے جرمانہ [illegible] قید سخت بحال رہے۔
″	″	″	[illegible] بنام [illegible]	[illegible]	بحث وکلائے فریقین ختم ہوئی مسل زیر تجویز رہے۔
″	″	عالیمرتبت مسٹر جسٹس معین الدین حسن صاحب بہادر [illegible]	[illegible] بنام [illegible]	اجرائے ڈگری اپیل [illegible]	[illegible] ۱۵ اپریل ۱۹۲۲ء [illegible]
″	″	″	[illegible] بنام [illegible]	اجرائے ڈگری اپیل جرم	[illegible] کے نام اطلاع [illegible] ۱۵ اپریل ۱۹۲۲ء جاری ہو۔
۹	[illegible]	عالیمرتبت چیف جسٹس صاحب بہادر	دہنی رام وغیرہ بنام [illegible] احمد	اپیل فوجداری جرم [illegible] تعزیرات [illegible]	اپیل ہذا نامنظور ہو کر حکم عدالت ابتدائی بحال رہے [illegible] اپیل دہنی رام بوجہ اس کے فوت ہو جانے کے ساقط ہو۔
″	″	صاحب چیف جسٹس بہادر / مسٹر جسٹس معین الدین حسن صاحب [illegible]	[illegible] لال وغیرہ بنام [illegible] سنگھ	نگرانی دیوانی	بحث وکلائے فریقین سماعت ہوئی مثل ہذا زیر تجویز رہے۔
″	″	مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	اکبر علی خان بنام [illegible] عبدالرشید عبدالصمد	اپیل دیوانی	بحث [illegible] سماعت ہوئی بقیہ بحث [illegible] مقدمہ ہذا بتاریخ ۱۵ اپریل ۱۹۲۲ء کو پیش ہو۔
[illegible]	[illegible]	تعطیلات سول [illegible]			
۱۳	[illegible]	عالیمرتبت چیف جسٹس بہادر / مسٹر جسٹس معین الدین حسن صاحب [illegible]	سرکار بنام [illegible] خان وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible]	بحث سماعت ہوئی مثل ہذا زیر تجویز رہے
″	″	مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	[illegible] وغیرہ بنام [illegible] وغیرہ	اجرائے ڈگری بنا بر اپیل [illegible] ڈگری	نوٹس [illegible] بنام [illegible] ۱۰ اپریل ۱۹۲۲ء جاری ہو۔
″	″	صاحب چیف جسٹس بہادر	[illegible] بنام [illegible]	نگرانی خفیفہ	بحث سماعت ہوئی مسل ہذا زیر تجویز رہے۔
[illegible]	[illegible]	مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	[illegible] وغیرہ بنام [illegible] وغیرہ	درخواست اجرائے ڈگری بنا بر اپیل [illegible]	نوٹس [illegible] بنام [illegible] ۱۰ اپریل ۱۹۲۲ء جاری ہوں۔
″	″	صاحب چیف جسٹس بہادر	[illegible] بنام [illegible]	نگرانی خفیفہ	نگرانی ہذا نامنظور ہو کر حکم و ڈگری عدالت ابتدائی بحال رہے [illegible]
″	″	مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	[illegible] لال بنام بابو رام	اپیل دیوانی	اپیل نامنظور ہو [illegible] فریقین [illegible] رہے۔
″	″	عالیمرتبت مسٹر جسٹس معین الدین حسن صاحب بہادر [illegible]	[illegible] بنام [illegible]	ابتدائی نالش تقسیم جائداد	بیان مدعی [illegible] [illegible] پیش ہو۔
″	″	عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	مسماۃ [illegible] بنام [illegible]	ابتدائی نالش دین مہر [illegible]	[illegible] ۱۹ اپریل ۱۹۲۲ء [illegible] جاری ہو۔
″	″	صاحب چیف جسٹس بہادر / مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام کلو خان وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible]	نگرانی ہذا نامنظور ہو کر حکم عدالت ماتحت بحال رہے۔

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۳ اپریل سنہ ۱۹۴۳ء	چہارشنبہ	ڈویژن بنچ — عالیجناب صاحب چیف جسٹس بہادر — مسٹر جسٹس محمد حسین الدین صاحب بہادر انصاری	سرکار بہادر بنام بانو وسنگھ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۲۲۲ نمبر ۲۰۰ الف تعزیرات رامپور	نگرانی از دیاد سزا منجانب سرکار منظور ہوکر بحکم عدالت اپیل اول ملزم بانو وسنگھ ملزم اب حسب ذیل سزا کا مستوجب ہوگا۔ (۱) بثبوت جرم دفعہ ۲۰۰ تعزیرات رامپور چہ ماہ قید سخت و پچیس روپیہ جرمانہ بصورت عدم ادائیگی جرمانہ ایک ماہ و یہ قید سخت کا سزایاب ہو

(۲) بثبوت جرم دفعہ ۲۰۰ الف تعزیرات رامپور چہ ماہ قید سخت و پچاس روپیہ جرمانہ بصورت عدم ادائیگی جرمانہ دو ماہ مزید قید سخت کا سزایاب ہو ہر دو سزائیں یکے بعد دیگرے شروع ہونگی۔ رقم جرمانہ میں سے پچیس روپیہ مستغیث کو دلائی جائے۔ بقیہ رقم بسیاہہ سرکار ہو۔ چونکہ معلوم ہوا کہ رقم جرمانہ بلغ پچیس روپیہ کی توضیح سے وصول ہوچکے ہیں۔ لہٰذا اب وصول جرمانہ کی کوئی کارروائی عمل میں نہیں آئیگی۔ ملزم کی مدت سزائے قید ایک ماہ دس یوم بوجہ ثبوت جرائم مذکورہ اندرون جیل بھگت چکا ہے اب آئندہ سزا بھگتنے کیواسطے گرفتار کیجائیگی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۳ اپریل	پنجشنبہ	عالیجناب مسٹر جسٹس محمد حسین الدین صاحب بہادر انصاری	محمد علی خاں بنام دیانتی	اپیل اول دیوانی	بلا سماعت بحث اپیل ہذا حسب منظوری وجوہ فردِ احکام خارج ہو خرچہ تو ذمہ اپیلانٹ
”	”	”	ایضاً	ایضاً	ایضاً
”	”	” صاحب چیف جسٹس بہادر	چھوٹے میاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ... تعزیرات رامپور	نگرانی چھوٹے میاں نامنظور ہو۔
”	”	”	مسماۃ قطبیا بنام سرکار بہادر	درخواست حسب دفعہ ۴۹۸ ضابطہ فوجداری	انفکاک ضمانت حسب منشاء حکم ارزہ ہو گئی۔ معاملہ جیل سے بمنشاء حکم ہذا احکام ضابطہ جاری ہوں۔
”	”	مسٹر جسٹس محمد حسین الدین صاحب بہادر انصاری	محمد حسین خاں وغیرہ بنام صاحبزادہ محسن علی خاں وغیرہ محمد حسین خاں بہادر	ابتدائی نا شفتہ ... تقسیم ...	بقیہ جرح بیان ملزم ختم ہوئی۔ برائے ثبوت دیگر گواہان تاریخ مقرر ہو۔

حکم اجلاس صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر بہادر

سلسلہ برآمد گندم یہ امر نہایت ضروری معلوم ہوتا ہے کہ متصلات میں اور خاص طور سے سرحدی مواضعات میں ایسا انتظام کیا جائے کہ گندم ضلع غیر کو نہ جاسکے لہٰذا حکم دیا جاتا ہے کہ نمبرداران پٹواریان اور ضلعداران کو ذمہ دار قرار دیا جاتا ہے کہ گندم انکے حلقہ سے باہر نہ پہنچنے پائے اور اگر کوئی شخص گندم باہر لیجانیکی کوشش کرے تو اسکی بابت فوراً تحصیلدار متعلق کو اطلاع دیجائے تاکہ اسکے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اگر یہ پایا گیا کہ نمبرداران اور ضلعداران نے گندم باہر جانے سے نہیں روکا اور اس سلسلہ میں تساہل کیا تو انکو سخت سزا دی جائیگی۔ نیز ہر اس شخص کو انعام دیا جائیگا جو فوراً ہی اس بابت تحصیلدار صاحب متعلق کو خلاف قانون برآمد گندم کی اطلاع کرے گا اور سرحدی مقامات میں امداد کریگا۔

لہٰذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے جملہ تحصیلدار صاحبان لینڈ ریکارڈ آفیسر صاحب، اسپیشل منیجر صاحب اور ناظم صاحب کو نقول ضابطہ ارسال ہو کر لکھا جائے کہ حسب ایماء ہذا وہ بکمال سختی سے اپنے اپنے ماتحتان کو پابندی حکم ہذا کی ہدایت جاری کردیجائیں اور ایک نقل برائے اشاعت اسٹیٹ گزٹ اسٹیٹ پریس اور اخبار ناظم کو مرسل ہو۔

۲۰ اپریل ۱۹۴۳ء

دستخط صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر بہادر

اطلاع بارش و حالت فصل ربیع

نام تحصیل		بارش	حالت فصل
[illegible]	[illegible]	نہیں	//
	[illegible]	نہیں	//
[illegible]	[illegible]	نہیں	//
	[illegible]	نہیں	//
	[illegible]	نہیں	//
[illegible]	[illegible]	نہیں	//

حکم اجلاس صاحب ڈائرکٹر بہادر زراعت

اعلان

محکمہ زراعت کیلئے مندرجہ ذیل آسامیوں کی ضرورت ہے درخواستیں مع مصدقہ نقول اسناد و نمبر سروس سکشن بورڈ دفتر صاحب ڈائرکٹر بہادر زراعت میں ۱۵ اپریل ۱۹۲۲ء تک پہنچ جانی چاہئیں۔ امیدوار کی عمر ۱۸ سال سے کم اور ۲۵ سال سے زیادہ نہ ہو۔

۱- اسسٹنٹ کوک باشاہرہ ۱۵ روپیہ رامپور برائے چھتریا فارم

۲- . . . . ۱۵ روپیہ . زراعتی اسکول

۳- . . . . ۱۵ روپیہ . بنوڑیہ

۴- . . . . ۱۵ روپیہ . لالپور

۵- کامداران چہ باشاہرہ ۱۵ روپیہ [illegible]

نمبر ۱ تا ۴ کیلئے میٹرک پاس ہونا اور نمبر ۵ کیلئے اردو مڈل یا انگریزی اسکول کے آٹھویں درجہ تک کی تعلیمی قابلیت ضروری ہے۔

(ڈائرکٹر زراعت)

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

اعلان

شعبہ کاغذ سازی دارالصناعۃ میں ایک سپرانٹنڈنٹ ماہر فن کاغذ سازی کی ضرورت ہے۔ تنخواہ پچاس روپیہ ماہوار تک دیجائیگی۔ باشندگان رامپور کو ترجیح حاصل ہوگی۔ درخواستیں جلد از جلد دفتر صنعت و حرفت میں مع نقول اسناد آنا چاہئیں۔ ۳۰ مارچ ۱۹۲۲ء

سکریٹری صنعت و حرفت

نمبر ۱

نقشہ اجناس بازار رامپور بابتہ ہفتہ اول ۱۰ اپریل ۱۹۲۲ء

نام جنس	تحصیل حضور	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ
گندم	[illegible]			[illegible]		
نخود خاص	[illegible]			[illegible]		
نخود کشمیر	[illegible]			[illegible]		
[illegible]	[illegible]			[illegible]		
ماش	[illegible]			[illegible]		
مونگ	[illegible]			[illegible]		
[illegible]	[illegible]			[illegible]		
چنی	۰			۰		
[illegible]	[illegible]			۰		
عدس	[illegible]			[illegible]		
ارہر	۰			[illegible]		
برنج	[illegible]			[illegible]		
روغن زرد	[illegible]			[illegible]		
روغن سیاہ	[illegible]			[illegible]		
روغن کنجد	[illegible]			[illegible]		
نمک سانبھر	[illegible]			[illegible]		
نمک لاہوری	۰			[illegible]		
قند سیاہ	[illegible]			[illegible]		
اجوائن	[illegible]			[illegible]		

نقشہ موسمی حالات جو روزانہ صبح ۸ بجے [illegible] پر نوٹ کئے گئے۔

تاریخ	ہوا کا رخ	[illegible]	بارش			درجہ حرارت			[illegible]	موسمی حالت
			[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		
۲۶ مارچ	مغرب	۲۹.۲۹	[illegible]	[illegible]	۹.۹۹	۶۷ درجہ	۴۲ درجہ	۹۵ درجہ	۴۴ فیصدی	
۲۷	۰	۲۹.۱۱	۰	۶.۰۸	۹.۹۹	۴۷.۰	۶۰.۰	۹۲.۰	۳۲.۰	
۲۸	۰	۲۹.۰۹	۰	۶.۰۸	۹.۹۹	۶۲.۰	۵۹.۰	۹۵.۰	۴۴.۰	
۲۹	۰	۲۹.۲۰	۰	۶.۰۸	۹.۹۹	۶۴.۰	۵۷.۰	۱۰۰.۰	۵۷.۰	
۳۰	شمال شرق	۲۹.۲۴	۰	۶.۰۸	۹.۹۹	۶۹.۰	۴۱.۰	۱۰۸.۰	۴۹.۰	
۳۱	جنوب	۲۹.۲۵	۰	۶.۰۸	۹.۹۹	۸۰.۰	۴۳.۰	۱۰۲.۰	۴۵.۰	
یکم اپریل	شمال مغرب	۲۹.۲۲	۰	۶.۰۸	۹.۹۹	۶۸.۰	۴۳.۰	۱۰۵.۰	۴۴.۰	

اعلان

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم کا ایک زمانہ سے یہ ایمائے مبارک تھا کہ نوجوانان ریاست رامپور کو جو کہ بوجہ عسرت اور تنگدستی مکمل تعلیم حاصل نہیں کر سکتے تھے یا تعلیم یافتہ نوجوانان جو اپنی تعلیم سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اُٹھا سکتے تھے اُن کو ٹیکنیکل تعلیم دیجائے۔ تاکہ وہ اپنی آیندہ زندگی نہایت اطمینان اور آسودگی سے گذار سکیں۔

اگرچہ موجودہ جنگ کے حالات اس امر کی اجازت نہیں دیتے تھے کہ ریاست رامپور میں کسی نئی تعلیمگاہ کا قیام کثیر مصارف سے کیا جائے۔ لیکن ازراہ کرم رعایا پروری پیشگاہ معلےٰ سے رامپور گورنمنٹ ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ کے قیام کی اجازت عطا فرمائی گئی ہے۔ اس ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ کی خوبی یہ ہوگی کہ اس میں تین سال تک ٹیکنیکل تعلیم دیجائے گی۔ اور دس روپیہ ماہوار وظیفہ بھی دیا جائے گا۔ اور مشنری کا استعمال و مرمت ہی نہیں سکھائی جائے گی بلکہ پرزے جات مشین ٹولز و دیگر آلات کا بنانا بھی سکھایا جائیگا جس سے بعد ختم تعلیم علاوہ ملازمت کے طالبعلم اپنا ذاتی کاروبار بھی شروع کرکے اپنی زندگی کامیاب بنا سکے۔

لہذا اعلان کیا جاتا ہے کہ اس زرین موقع سے باشندگان رامپور فائدہ اُٹھائیں۔ باشندگان رامپور کے لئے بھی یہ فخر کا موقع ہے کہ ایسا امدادی ادارہ رامپور کے قرب وجوار میں بحالت موجودہ کوئی نہیں ہے۔ داخلہ یکم جولائی ۱۹۴۲ء کو ہوگا۔ جس میں تیس طالب علم باشندگان رامپور داخل کئے جائیں گے۔

پراسپکٹس وشرائط داخلہ وغیرہ دفتر سنٹرل ورکشاپ سے معلوم کئے جا سکتے ہیں۔

دستخط انجنیر انچارج رامپور گورنمنٹ سنٹرل ورکشاپ

حصہ سوم

قوانین و قواعد

(۱)	مسودہ ترمیم قانون نیشکر ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء (بغرض حصول رائے عامہ)	۱

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

مسودہ

ترمیم قانون نیشکر ریاست رامپور ۱۹۴۳ء

(بغرض حصول رائے عامہ)

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قانون نیشکر ریاست رامپور ۱۹۳۲ء میں ترمیم کیجائے۔ لہذا حسب ذیل ترمیم کیجاتی ہے:-

مختصر نام و وسعت نفاذ و تاریخ اشاعت

دفعہ ۱۔ (الف) قانون ہذا "ترمیم قانون نیشکر ریاست رامپور ۱۹۴۳ء" کے نام سے موسوم ہوگا۔

(ب) قانون ہذا کل ریاست رامپور میں سرکاری گزٹ میں شائع ہونے کی تاریخ سے نفاذ پذیر ہوگا۔

ایزادی دفعہ ۳ (ج)

دفعہ ۲۔ قانون نیشکر ریاست رامپور ۱۹۳۲ء کی دفعہ ۳ (ب) کے بعد حسب ذیل بطور دفعہ ۳-(ج) ایزاد ہو۔

دفعہ ۳-(ج) گورنمنٹ کسی خاص مدت میں تیار شدہ شکر کی قیمتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بذریعہ نوٹیفکیشن حکم دے سکتی ہے کہ قابض کارخانہ کم از کم قیمت جو کہ تحت دفعہ (۳) قانون نیشکر ریاست رامپور ۱۹۳۲ء قابل ادا ہوگی اس کے علاوہ اسقدر مزید قیمت جس کا تعین گورنمنٹ رامپور کسی پیمانہ کے مطابق کرے کاشتکاران نیشکر یا نیشکر مہیا کرنے والی کوآپریٹیو سوسائٹی کو ادا کریگا۔